مقالہ کو چار ابواب میں منقسم کیا گیا ہے۔ ابواب کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

باب اول بعنوان "میراجی: ایک تعارف" میں میراجی کی پیدائش، خاندانی پسِ منظر، ابتدائی تعلیم، معاملہ ءِ عشق، "ادبی دنیا"، حلقہ ارباب ذوق میں شمولیت، آل انڈیا ریڈیو لاہور، لاہور سے دہلی آل انڈیا ریڈیو اسٹیشن، بمبئی کی فلمی دنیا میں شامل ہونے کے بعد موت تک کے تمام تر واقعات شامل کیے گئے ہیں۔

باب دوم "ژولیاں کے ناول: میراجی کے لیے کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ" کے تحت ہے۔ جس میں مصنف نے فکشن اور حقیقت کے امتزاج سے ناول تخلیق کیا ہے۔ اس باب میں اقتباس کی مدد سے تمام تر باتیں علیحدہ کی گئی ہیں۔

باب سوم "خان فضل الرحمٰن کے ناول میراجی کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ" کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں خان فضل الرحمٰن کے بیان کردہ فرضی معاشقوں پر سیر گفتگو کی گئی ہے۔

باب چہارم مندرجہ بالا ناولوں کے تقابل پر مبنی ہے۔ جس میں حقائق، ناولوں کا اسلوب، شخصی و لسانی پہلو اور ناولوں میں مماثلت کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔